| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | حروف 'ب'، پ، ت، ٹ، ث' کو مصوتوں سے ملائیے۔ | دن: | پہلا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔ مصوتوں کا اعادہ کرسکیں اور حروف (ب، پ، ت، ٹ، ث) کو مصوتوں سے ملا کر نئے الفاظ پڑھیں اور لکھیں۔ | دہرائی: بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی۔ فلیش کارڈز سے حروف کا اعادہ کرواتے ہوئے اِن حروف سے شروع ہونے والی اچیزوں کے نام پوچھیے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا مصوتوں کی پہچان اور حروف کو مصوتوں سے ملا کر الفاظ پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | تعارف: بچوں کو مصوتوں کے بارے میں بتایا جائے گا کہ اُن سے پوچھا جائے گا کہ کیا وہ مصمتے کے بارے میں جانتے ہیں۔ بچوں کے جواب کے بعد اُن کو بتایا جائے گا کہ حروف تہجی میں کچھ ایسے حروف ہوتے ہیں۔ جن سے باقی حروف مل کر الفاظ بناتے ہیں۔ اِن حروف کو مصوتے کہتے ہیں۔ ا، و، ی، ے مصوتوں کی تعداد چار ہوتی ہے۔ اور باقی حروف کو مصمتے کہا جاتا ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ب، پ، ت، ٹ اور ث کو مصوتوں سے ملا کر دو حرفی الفاظ بنانا سیکھیں گے۔ دو حرفی الفاظ بنانے کے لیے ہم حروف کی آدھی اشکال کا استعمال کرتے ہیں تختہ سفید/سیاہ پر آدھی اشکال کا اعادہ کروائیے۔ حروف کو مصوتوں سے ملا کر تختہ سفید/سیاہ پر لکھیے جیسے۔ ب با بو بی بے | 10 منٹ | | |
| | مرکزی سرگرمی: بچوں کو فلیش کارڈ دیں جن میں حروف کی آدھی اشکال مصوتے اور ان سے بننے والے الفاظ شامل ہوں۔ ہر بچے کو ب سے لے کر ث تک مختلف حروف دیں اور اُن کو کہیں کہ ان حروف کو مصوتوں کے ساتھ جوڑ کر جو لفظ بنتا ہے وہ ڈھونڈیں جیسے۔ ت ا تا ت و تو بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 7 کھولنے کو کہیے کتاب کے صفحے پر دیئے گئے حروف کے سامنے کی خالی جگہ پر الفاظ لکھوائیے۔ کام کے دوران نگرانی کریں گے بچے درست کام کر رہے ہوں۔ اب کتاب میں نیچے دیئے گئے الفاظ کو پڑھائیے تختہ سفید/سیاہ پر حرف 'آ' کا کارڈ چپکائیے اور بچوں کو ہاتھ میں ن، پ، ب، و، س، ڑ، ل کے کارڈز دیں بچے باری باری یہ کارڈ 'آ' کے کارڈ کے ساتھ چپکائیں اور باقی بچے اس سے بننے والے الفاظ پڑھیں۔ | 20 منٹ | مصوتے فلیش کارڈز حروف فلیش کارڈ الفاظ فلیش کارڈ کتاب صفحہ نمبر 7 حروف فلیش کارڈ | |
| | اختتامیہ: بچوں سے مصوتوں کی تعداد اور نام پوچھیں۔<br>گھر کا کام: بچوں کو ورک شیٹ/ کاپی دیں جس میں بچے جماعت میں کیے گئے کام کی دہرائی کریں۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ، کاپی ورک | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | حروف (ج، چ، ح، خ) کومصوتوں سے ملایئے۔ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔ مصوتوں کا اعادہ کرسکیں اور حروف (ب، پ، ت، ٹ، ث) کومصوتوں سے ملا کر نئے الفاظ پڑھیں اور لکھیں۔ | **دہرائی:**<br>چارٹ پیپر کی مدد سے حروف کی طرف اشارہ کرتے جایئے اور بچوں سے حروف کے نام اور آوازیں پوچھیں مصوتوں کے بارے میں پوچھیں کتنے ہیں اور نام پوچھیے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا مصوتوں کی پہچان اور حروف کو مصوتوں سے ملا کر الفاظ پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ مصوتے چار ہیں۔ا، و، ی، ے بچوں کو بتایئے آج ہم ج، چ، ح، خ کومصوتوں سے ملا کر دوحرفی الفاظ بنانا سیکھیں گے دوحرفی الفاظ بنانے کے لیے ہم حروف کی آدھی اشکال کا استعمال کرتے ہیں۔حروف کومصوتوں سے ملا کر تختہ سفید سیاہ پر لکھیے<br>چھوٹی اشکال میں لکھیں (ج) جا جو جی جے<br>چھوٹی اشکال میں لکھیں (چ) چا چو چی چے | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو mini white board دیں اور بچوں سے کہیے کہ میں بورڈ پر دو حروف ج+ا لکھوں گی اور آپ اپنے بورڈ پر لکھیں گے کہ کون سا نیا حرف بنتا ہے۔بچوں کو کہے کہ جب وہ بورڈ پر لکھ لیں تو اپنا بورڈ اوپر کر کے ٹیچر کو دکھائیں۔ یہ مشق تمام حروف ج، چ، ح، خ اور مصوتوں کے ساتھ کروایئے۔بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 8 کھولنے کو کہیے۔کتاب کے صفحے پر دیئے گئے حروف کے سامنے کی خالی جگہ پر الفاظ لکھوایئے۔کام کے دوران نگرانی کریں گے بچے درست کام کر رہے ہوں اب کتاب میں نیچے دیئے گئے الفاظ کو پڑھایئے۔الفاظ کو تختہ سفید/سیاہ پر لکھیے اور بچوں کو پڑھنے میں مدد کریں۔ | 20 منٹ | Mini White board<br>کتاب صفحہ نمبر 8 | |
| | **اختتامیہ:**<br>مختلف الفاظ تختہ سفید/سیاہ پر لکھیں اور بچوں سے پڑھوایئے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی | موضوع: | حروف (د،ڈ،ذ) کومصوتوں سے ملایئے | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حروف (د،ڈ،ذ) کومصوتوں سے ملاکر نئے الفاظ پڑھیں اور لکھیں۔ | **دہرائی:**<br>ب کے خاندان اور ج کے خاندان کے حروف کومصوتوں سے ملاکر بورڈ پر لکھیں اور بچوں کو پڑھنے میں مدد کریں۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حروف کومصوتوں سے ملاکر الفاظ پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حروف (د،ڈ،ذ) کومصوتوں سے ملانا سیکھیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ یہ شرارتی حروف ہیں۔ یہ اپنے بعد آنے والے حروف سے نہیں ملتے۔ لیکن اپنے سے پہلے آنے والے حروف سے مل جاتے ہیں۔ مثلاً دے، ڈبہ، ڈر، دب بچوں کو بتایا جائے گا ان حروف کی آدھی اشکال نہیں ہوتی: حروف کوتختہ سفید/سیاہ پر مصوتوں کے ساتھ لکھیے اور بچوں کی پڑھنے میں مدد کیجیے۔<br>د دا دو دی دے<br>ڈ ڈا ڈو ڈی ڈے | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>ایک میز پر Salt Tray رکھیں اور بچوں کوایک ایک کر کے بلائیں اور کہیں کہ میں جولفظ بولوں گی وہ آپ نے Salt Tray پر لکھنا ہے۔ جیسے کہ معلّمہ بولے گی ’رو‘ بچہ وہ Salt Tray پر لکھے گا یہ سرگرمی سب بچوں کواپنے پاس باری باری بُلا کر کروائیں۔<br>بچوں کو کتاب صحہ نمبر 9 کھولنے کو کہیے۔ کتاب کے صفحے پر دیئے گئے حروف کے سامنے خالی جگہوں پر الفاظ لکھوایئے کام کے دوران نگرانی کریں گے بچے درست کام کر رہے ہیں۔ اب بچوں کو کہیے کہ نیچے دی گئی سرگرمی میں حروف کوتصویروں سے ملایئے۔ | 20 منٹ | Salt Tray<br>کتاب صفحہ نمبر 9 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو د، ڈ، ذ کے فلیش کارڈ دکھایئے اور ان سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھیے۔<br>**گھر کا کام:** ج کے خاندان اور د کے خاندان کومصوتوں سے ملاکر الفاظ کاپی میں لکھیں۔ | 5 منٹ | کاپی ورک | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | حروف (ر،ڑ،ز،ژ) کو مصوتوں سے ملایئے۔ | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حروف (ر،ڑ،ز،ژ) کو مصوتوں سے ملا کر نئے الفاظ پڑھیں اور لکھیں۔ | **دہرائی:**<br>تختہ سفید/سیاہ پر 'د' کے خاندان کو مصوتوں سے ملا کر لکھیں اور بچوں کو کہیں کہ پڑھیے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حروف (ر،ڑ،ز،ژ) کو مصوتوں سے ملانا سیکھیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا یہ شرارتی حروف ہیں۔ یہ اپنے سے بعد آنے والے حروف سے نہیں ملتے۔ لیکن اپنے سے پہلے آنے والے حروف سے مل جاتے ہیں۔ رب، زن، ڈور، ژوب بچوں کو بتایا جائے گا کہ ان حروف کی آدھی اشکال نہیں ہوتی۔ حروف کو تختہ/سفید سیاہ پر مصوتوں کے ساتھ لکھیے اور بچوں کو پڑھنے میں مدد کیجیے۔<br>ر را رو ری رے<br>ڑ ڑا ڑو ڑی ڑے<br>**مرکزی سرگرمی:** طلباء کو پانچ گروپوں میں تقسیم کریں اور تختہ سفید/سیاہ پر جدول بنائیں۔ طلبہ سے کہیں اب ہم ایک کھیل کھیلیں گے جس میں ہر گروپ کو باری دی جائے گی۔ معلّمہ ایک لفظ بتائے گی اور بچے اُس لفظ کی پہلی آواز بتائیں گے جو گروپ پہلے ہاتھ کھڑا کریں اُس کو باری کا موقع دیں۔<br>الفاظ روز ، ژوب ، روک ، زور ، رال<br>بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 10 کھولنے کو کہیں کتاب کے صفحے میں دیئے گئے حروف کے سامنے کی خالی جگہ پر الفاظ لکھوایئے کام کے دوران نگرانی کریں کہ بچے درست کام کریں۔ اب کتاب میں نیچے دیئے گئے الفاظ کو پڑھایئے الفاظ تختہ سفید/سیاہ پر لکھیں اور بچوں کو پڑھنے میں مدد کریں۔<br>**اختتامیہ:** تختہ سفید/سیاہ پر لکھے گئے الفاظ کی پہلی اور آخری آواز پوچھیے۔ | | کتاب صفحہ نمبر 10 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حروف کو مصوتوں سے ملا کر الفاظ کو پڑھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | حروف (س،ش،ص،ض) تک ملایئے | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حروف (س،ش،ص،ض) کو مصوتوں سے ملا کر نئے الفاظ پڑھیں اور لکھیں۔ | **دہرائی:**<br>چارٹ پیپر پر ُا سے ئے تک حروف تہجی کی دہرائی کروایئے اور مصوتوں کے نام پوچھیے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حروف کو مصوتوں سے ملا کر الفاظ پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حروف (س،ش،ص،ض) کو مصوتوں سے ملا کر دوحرفی الفاظ بنانا سیکھیں گے بچوں کو بتایا جائے گا کہ دو حرفی الفاظ بنانے کے لیے ہم حروف کی آدھی اشکال کا استعمال کرتے ہیں۔ بچوں کو س،ش،ص،ض کی آدھی اشکال کی دہرائی کروائی جائے گی۔ حروف کو مصوتوں سے ملا کر تختہ سفید سیاہ پر لکھیے اور بچوں کو الفاظ پڑھنے میں مدد کیجیے۔<br>آدھی اشکال میں لکھیے (س) س سا سو سی سے<br>آدھی اشکال میں لکھیے (ص) ص صا صو صی صے | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو باہر کھیل کے میدان میں لے جائیں اور ہوپ سکوچ گیم کھلائیں۔ اس کھیل میں زمین پر س،ش،ص،ض کو مصوتوں سے ملا کر جو الفاظ بنتے ہیں وہ لکھیں جیسے کہ سا، سو،شی، صے، ضا، شے، ضی، صی بچوں کو باری باری بلائیں اور کہیں کہ معلّمہ جو لفظ بولیں گی آپ اُس پر چھلانگ لگائیں گے۔ جیسے کہ صا، شی، یہ سرگرمی سب بچوں سے کروائیں۔ بچوں کتاب صفحہ نمبر 11 کھولنے کو کہیں۔ کتاب کے صفحے میں دیئے گئے حروف کے سامنے خالی جگہ پر الفاظ لکھوایئے۔ کام کے دوران نگرانی کریں کہ بچے درست کام کریں۔ اب کتاب میں نیچے دیئے گئے جملوں کو پڑھایئے جملے تختہ سفید/ سیاہ پر لکھیں اور بچوں کو پڑھنے میں مدد کریں۔ | 20 منٹ | ہوپ سکوچ گیم<br>چاک<br>کتاب صفحہ نمبر 11 | |
| | **اختتامیہ:** تختہ سفید/ سیاہ پر مزید جملے لکھیں اور بچوں کی پڑھنے میں مدد کریں۔<br>**گھر کا کام:** ر کے خاندان اور س،ش،ص،ض کو مصوتوں سے ملا کر کاپی میں لکھوائیں یا ورک شیٹ مہیا کریں۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ | |